The Heraclius letter is the best preserved and authenticated of three extant letters with credible claims to be Prophet Muhammad's. One resides untouched in a golden box in Istanbul's Topkapi Museum, a second belongs to a Lebanese collector, who has refused million-dollar offers for it.

Robert Chesshyre writes: A spokesman for Sotheby's said in London yesterday that the letter was brought to the firm last year with the intention that it should be auctioned. Although there was every possibility that the letter was completely authentic it was decided by experts that it was impossible to prove beyond doubt that it had been dictated by the Prophet.

آزاد کشمیر کی موجودہ سیاسی صورت حال سے عوام کو آگاہ کرنے کیلئے مہم شروع کی جائے گی

حکومت پاکستان کشمیر کے بارے میں اپنے موقف کو ترک کر چکی ہے

آزاد کشمیر کے انتخابات میں مسلم کانفرنس کی بھرپور حمایت کی جائے گی

(متحدہ جمہوری محاذ کی مرکزی مجلس عمل کا اعلان)

جب تک ضروری ہوا، فوج مری قبائل کے علاقوں میں تعینات رہے گی: بھٹو

خطرہ موجود ہو تو ملکی سرحدیں اندرون ملک تک پھیل جاتی ہیں

قبائلیوں کی طرف سے مری میں فوجی چھاؤنی قائم کرنے کا مطالبہ

کمبوڈیا سے جنگ کے دوران بھاگنے والے ایک سو پاکستانی تھائی لینڈ کی سرحد پر رکے پڑے ہیں

پاکستان اور افغانستان کے درمیان اختلافات طے کرانے کیلئے

شہنشاہ ایران کی کوششوں کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ سردار داؤد

سعودی عرب پاکستان کو ۱۸ کروڑ روپے کے زرمبادلہ کی امداد دیگا

بھارت اور پاکستان ایک دوسرے کو محصول کی رعایت دیں: بھارت کی تجویز

پاکستان بھارت سے مشینوں کے پرزے منگوا سکتا ہے۔ اے پی پی

پاکستان نے فی الحال بھارتی تجویز کا جواب نہیں دیا

ملک کو بیرونی ثقافت کی یلغار سے بچانے کیلئے تعلیم عام کرنا بیحد ضروری ہے

تعلیمی سہولتیں صرف شہروں تک محدود ہو کے رہ گئی ہیں: حنیف رامے

امیر المجاہدین صوفی محمد عبداللہ انتقال کر گئے

پشاور میں بموں کے دو دھماکے

پاکستان کے خلاف اب کسی طرف سے بھی جارحیت ہوئی تو ایران خاموش نہیں رہے گا: شہنشاہ ایران

روس خود مختاری کے نام پر شروع ہونے والی تحریکوں کی افغانستان کے ذریعے مدد کرتا رہتا ہے: نیویارک ٹائمز سے انٹرویو

ترکی پر امریکی اسلحہ کی پابندی سے ایران امریکہ سے بدظن ہو گیا ہے

سجاول کے قریب مفتی محمود کی کار پر حملہ، دو افراد زخمی ہو گئے

حملہ آوروں نے کلہاڑی مار کر کار کی ونڈ سکرین توڑ دی

حملہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کیا گیا ہے: مفتی محمود

تحریک استقلال نظریاتی اختلاف کی بنا پر جمہوری محاذ میں شامل نہیں ہو سکتی

سندھ سے ساٹھ کروڑ روپے کا چاول بھارت سمگل کر دیا گیا ہے: اصغر خان

چین اور پاکستان کی دوستی ہمیشہ قائم رہے گی

وطن واپس روانہ ہوتے وقت نائب وزیر اعظم چین کا اظہار خیال

... کراچی کے ہوائی اڈہ پر چین کے نائب وزیر اعظم کو رخصت کر رہے ہیں

کینیڈا، بجلی، تیل اور گیس کے منصوبوں میں پاکستان سے تعاون کرے گا

حکومت پاکستان اور متعدد خود مختار اداروں سے بات چیت جاری ہے

روس نے فوجی امداد کے مسلسل بھارتی مطالبوں پر سرد مہری اختیار کر لی

یوسف خٹک کو سرحد مسلم لیگ کا صدر مقرر کر دیا گیا

ہردیو سنگھ کی تصاویر کی نمائش

بین الاقوامی شہرت یافتہ پنجابی آرٹسٹ ہردیو سنگھ کی کچھ تصاویر کی نمائش لوڈرا سٹوک آوکیف سٹریٹ میں ۲ مئی سے ۲۸ جون تک ہو رہی ہے۔

ہردیو سنگھ پاک و ہند کے آرٹ سرکل میں ایک جانی پہچانی شخصیت ہیں۔ لاہور میں ان کی تصویروں کی نمائش ۱۹۴۷ء میں ہوئی تھی۔ ان کی تصاویر یورپ، امریکہ اور ایشیاء کی کئی بڑی نمائشوں کی زینت بن چکی ہیں۔

"کریسنٹ" کے پچھلے اقبال نمبر کے سرورق پر شاعر مشرق علامہ اقبال کی تصویر موصوف ہی کے قلم کا مرقع تھی۔

ایک تحریری جائزہ

گاڑی کی ٹکر ہو جانے پر فکر نہ کیجئے۔ ظہیر معیر گاڑیوں کی مرمت کرنے میں مہارت رکھتے ہیں۔

IF THIS Happens To You!

Expert Body Work

Spray Painting

General Collision Repairs

Guaranteed Work

FREE ESTIMATES

National AUTO BODY
614 Danforth Rd. (at Kennedy) 261-4262

PLEASE VISIT US FOR

Masalas; Rice

HALAL MEAT & Dals

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی پہلی دکان

Afro Asian

918 PAPE AVE, TORONTO.
call at 463-1287.

اپوزیشن حکومت کے ساتھ مذاکرات کے دروازے کبھی بند نہیں کریگی (مفتی محمود)

حمود الرحمن کمیشن کی رپورٹ سے عوام کو آگاہ کرنے کا مطالبہ



بہنوں کی محفل

ملکہ نورجہاں

(از: حکیم محمد لطیف)

ملکہ نورجہاں نے اپنے بے مثال حسن اور خداداد قابلیت کی بدولت اپنی زندگی میں جس قدر عروج پایا، گذشتہ زمانہ میں اس کی مثال کہیں ڈھونڈے سے نہیں ملتی۔ لیکن کمال اور زوال چونکہ انسانی زندگی میں لازم و ملزوم ہیں، اس لئے جہانگیر کی وفات کے ساتھ ہی نورجہاں کا زوال شروع ہوا۔ تخت نشینی کے جھگڑے میں آصف جاہ شاہ جہان کا طرفدار تھا۔ وہ نورجہاں کے اس اثر و رسوخ سے جو سب طبقہ امراء اور عوام میں حاصل تھا، سخت خائف تھا۔ اس لئے جہانگیر کی وفات کے بعد جونہی نورجہاں بیگم وہاں پہنچی تو آصف جاہ نے اسے

رنگین کپڑے، زیورات، عطر وغیرہ کا استعمال ترک کر دیا۔ عورتوں سے بھی ملاقات ختم کر دی۔ اپنی خوشی سے بیاہ شادیوں میں بھی شرکت ختم کر دی۔ وہ زیادہ وقت عبادت میں بسر کرتی تھی یا مطالعہ میں مصروف رہتی تھی۔ لیکن ترک دنیا اور رقت سادگی کے باوجود اس کے چہرے پر وہی جاہ و جلال اور دلکشی بدستور موجود تھی۔ جس نے جہانگیر کو اپنا دالہ و شیدا بنایا ہوا تھا۔ وہ اگرچہ خود وظیفہ خوار تھی۔ لیکن فیاضی کا یہ عالم تھا کہ کبھی کوئی سوالی اس کے در وازے سے خالی ہاتھ نہیں لوٹتا تھا۔ اس کا سب سے بڑا مشغلہ نادار یتیم لڑکیوں کے جہیز کی تیاری اور ان کی شادیوں کا اہتمام تھا۔ اس نے اپنی زندگی میں سینکڑوں غریب اور یتیم لڑکیوں کی شادیاں کرائیں۔

نورجہاں ہفتہ میں دو دن جمعرات اور جمعہ کو زیارت و فاتحہ کے لئے مقبرہ جہانگیر پر قیام کرتی تھی۔ اس نے اپنے قیام کے لئے مقبرہ جہانگیر کے جانب جنوب باغ کے اوسط کی دیوار کے ساتھ چند رہائشی کمرے تعمیر کرائے ان کمروں سے جہانگیر کے مزار کا اندرونی منظر صاف نظر آتا تھا۔ وہ ...

نورجہاں کے مقبرے

پر ساڑھے پانچ لاکھ

روپیہ کی لاگت آئی

[illegible]

جسے مرنے کے بعد بھی

آسودگی نصیب نہ ہوئی

خوب صورت کام کیا گیا تھا۔ مقبرہ کی چھت پر سفید سنگ مرمر کے نیم پست تعویذ تھے۔ جن میں درمیان والا قدرے بلند تھا ان تینوں پر منبت کاری تھی۔ چھت کے گرد سنگ مرمر کا خوب صورت جال دار کٹہرا تھا۔ جس پر قیمتی پتھروں سے پچی کاری کا کام کیا گیا تھا۔

مقبرے کے اندر کا فرش اور سترک تعویذ جہانگیری قبر کے نمونے کا تھا۔ تعویذ پر سیاہ حروف میں قرآنی آیات اور کلمات منقوش تھے۔ مقبرے کی اندرونی دیواروں پر پچی کاری، درحقیقت کاری کا خوبصورت کام تھا۔ سفید سنگ مرمر کی دیواروں میں عجیب عجیب سے بیل بوٹے بنائے گئے تھے جن پر مناسب و موزوں مقامات پر نیلم، یاقوت اور زمرد کے قیمتی پتھروں سے شگوفے اور پھول تیار کئے گئے تھے۔ چھت میں کاشی کاری کا بے مثل خوب صورت کام تھا اور اس کے وسط میں سونے کی قندیل آویزاں تھی۔

قبر پر بہت سے قیمتی غلاف موجود تھے۔ جو امراء شہزادوں اور شہزادیوں کی جانب سے مختلف اوقات میں مقبرہ پر چڑھائے گئے تھے۔ ان سب کے اوپر سیاہ بانات کا غلاف پڑا رہتا تھا۔ جس پر کار چوبی کام سے ... کے ... [illegible]

[illegible]

لاہور میں واقع

مغل دور کے

آثار قدیمہ

مقبرہ نورجہاں

[illegible]

Office 741-9170
Res. 742-1642

Office 741-9170
Res. 742-1642

Professional Real Estate Service has been our business since 1900

جائیداد کی خرید و فروخت کے لیے خدمت کا موقع دیجئے

بندرہ سو ڈالر گورنمنٹ گرانٹ سے فائدہ اٹھائیے

Gibson Willoughby Limited

Gibson Willoughby Limited

FATEH MOHAMMAD MALIK

یاد رکھئے اگر جائیداد ... [illegible]

23 WESTMORE DRIVE SUITE 101, REXDALE ONTARIO CANADA M9V 3Y6

بلوچستان کے ترقیاتی منصوبوں کیلئے چھ کروڑ روپے کی اضافی امداد دینے کا فیصلہ

ایران اور مصر کے تعلقات میں کوئی تلخی پیدا نہیں ہو سکتی: شہنشاہ ایران

مشرق وسطیٰ کی تازہ صورت حال پر شاہ سے بات چیت کی ہے: انور سادات

تہران — مصر کے صدر سادات تہران میں شہنشاہ ایران سے اپنی دو روزہ بات چیت مکمل کر کے آج یہاں سے وطن روانہ ہو گئے...

وزیراعظم کی صدارت میں صوبے میں امن و امان کی صورتحال پر بھی غور ہوا

کوئٹہ میں وزیراعظم کا شاندار استقبال، آج قلات پہنچیں گے

کوئٹہ — وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی صدارت میں منعقدہ ایک اعلیٰ سطح کے اجلاس میں بلوچستان میں امن و امان کی صورت حال اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا...

پاکستان میں ۵۰ فیصد خواتین چھاتیوں کے سرطان میں مبتلا ہیں

کراچی — پاکستان اسلامی ملک ہے... فیصد خواتین چھاتی کے سرطان میں مبتلا ہیں...

پاکستان میں اوورسیز لینڈ کے تاجروں کی سرمایہ کاری

کراچی — ...

سندھی اخبارات و جرائد نے مشاہیر اسلام کی توہین اور اکھنڈ بھارت کی حمایت میں مہم شروع کر رکھی ہے

حیدرآباد — سندھ کے دیہی اور شہری دانشوروں نے ایک قرارداد کے ذریعے حکومت پاکستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ سندھی زبان میں شائع ہونے والے اخبارات و رسائل جو مشاہیر اسلام کی توہین، مسلمانوں کے پاک دینی اور روحانی مراکز کی توہین، نظریہ پاکستان کی نفی اور اکھنڈ بھارت کی حمایت کا نوٹس لے...

لندن میں مشرقی پاکستان کی آواز

سنگرام نے برطانیہ میں پاکستان کے دوبارہ اتحاد کی جدوجہد شروع کر دی

لاہور — لندن سے موصول ہونے والی اطلاعات کے مطابق سقوط مشرقی پاکستان سے قبل ڈھاکہ سے نکلنے والا اخبار "سنگرام" اب ہفت روزہ کے طور پر لندن سے شائع ہو رہا ہے...

لندن میں ... پاکستان کے حق میں ... تحریک چلانے کا اعلان

بنگلہ دیش برصغیر میں حالات معمول پر لانے کی کوشش کر رہا ہے: مجیب

ڈھاکہ — بنگلہ دیش کے صدر شیخ مجیب الرحمان نے کہا ہے کہ ان کا ملک برصغیر میں حالات معمول پر لانے کی کوشش کر رہا ہے...

کراچی اسٹیل مل چلانے کیلئے بارہ سو پاکستانی انجینئر روس میں فنی تربیت حاصل کر رہے ہیں

جون تک مزید مشینری پاکستان پہنچنی شروع ہو جائے گی

۷۳۶ روسی ماہرین بھی کراچی آئیں گے

کراچی — ...

عراق کا خریداری مشن کراچی پہنچ گیا

کراچی — عراق کا تین رکنی خریداری مشن پاکستان کے ایک ہفتے کے دورے پر آج یہاں پہنچا...

پاکستان ایٹمی اسلحہ کے پھیلاؤ کو روکنے کی کانفرنس میں شرکت نہیں کرے گا

اسلام آباد — پاکستان نے ایٹمی اسلحہ کے پھیلاؤ کو روکنے کے معاہدہ کی جائزہ کمیٹی کے اجلاس میں شرکت نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے...

زخمی ہونے والی طالبات

ایک نوجوان نے لاہور کالج کی نو طالبات کو چاقو مار کر زخمی کر دیا

چار زخمیوں کی حالت نازک ہے، ملزم طالبات کی بس میں گھس گیا تھا

حملہ آور کو گرفتار کر لیا گیا، وزیر اعلیٰ اور وزیر صحت نے لڑکیوں کی عیادت کی

لاہور — ...



ملزم شاہد

وزیر اعلیٰ حنیف رامے اور ان کی اہلیہ نے زخمی طالبات کی عیادت کی۔

۱۲۳ سال کے بعد شاہی قلعہ لاہور کا عالمگیری دروازہ عوام کیلئے کھول دیا جائیگا

لاہور — ۱۲۳ سال کے بعد قلعہ لاہور کا ... عالمگیری دروازہ عوام کے لئے دوبارہ کھولا جائے گا...

قومی کھیلوں کے مقابلے آئندہ سال کراچی میں ہونگے

اسلام آباد — ...

پاکستان نے جنوبی ویت نام کی عبوری انقلابی حکومت کو تسلیم کر لیا

صبیح الدین اور عثمان غنی
پیش کرتے ہیں
انڈو پاک کے مشہور فن کار

مہدی حسن

فریدہ خانم، معین اختر، ایک رقاصہ اور ماہر سازندوں کے ساتھ
بتاریخ ۷ رجون ۱۹۷۵ء بروز ہفتہ آٹھ بجے شب

شرح ٹکٹ: بڑوں کے لیے آٹھ ڈالر بچوں کے لیے پانچ ڈالر

AT VARSITY ARENA ON BLOOR & BEDFORD (ST. GEORGE SUBWAY)
TORONTO
FOR INFORMATION CALL
922-0222 OR 922-1440

ٹورنٹو میں ٹکٹ ریلیکس سینما اور دیسی گروسری کی دکانوں پر مل سکتے ہیں۔

OTTAWA

آٹوا میں ۹ رجون کو ۷ بجے شام
پروگرام پیش ہوگا
ٹکٹ: چھ ڈالر، پانچ ڈالر، طالب علموں کے لیے چار ڈالر، بچوں کے لیے دو ڈالر

at High School of Commerce
300 Rochester Street, Ottawa
For Information & Reservation
call: 746-8036 or 234-2606

DETRIOT

ڈیٹرائیٹ میں ۱۰ رجون کو ۷½ بجے شام
پروگرام پیش ہوگا
ٹکٹ: سات ڈالر، پانچ ڈالر، طالب علموں کے لیے چار ڈالر

at Mesonic Auditorium
500 Temple, Detroit
For Information & Reservation
call: 283-3364, 832-0919, 831-0056

فیصلہ میدان جنگ میں ہو چکا ہے، وزیر اعظم بھٹو

عبوری انقلابی حکومت اپنی جدوجہد میں کامیاب رہی ہے

چارسدہ — (رپ پ ا) وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے جنوبی ویت نام کی عبوری انقلابی حکومت کو جنوبی ویت نام کی قانونی اور جائز حکومت تسلیم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیصلہ میدان جنگ میں ہو چکا ہے اور ہم اس فیصلے کو تسلیم کرتے ہیں۔ وزیر اعظم بھٹو نے مری کے قبائلی علاقے میں پاکستانی فوج کے جوانوں سے خطاب کے دوران کہا کہ ... انہوں نے شمالی ویت نام اور کمبوڈیا کی حکومتوں کو ۲ سال پہلے ہی تسلیم کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پاکستان جنوبی ویت نام کی عبوری انقلابی حکومت کو پہلے ہی تسلیم کر لیتی لیکن ہم نے اس وقت فیصلہ نہیں کیا تھا کہ امریکہ، شمالی ویت نام اور جنوبی ویت نام کے اپنے مسائل حل کرنے کے لئے پیرس امن معاہدہ طے پا چکا تھا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اب پیرس امن معاہدہ کا کوئی جواز نہیں کیونکہ ہمیں اس سے کوئی ... فریقین میں سے کس نے مسترد کیا ہے۔ وزیر اعظم بھٹو نے کہا کہ فیصلہ میدان جنگ میں ہو چکا ہے اور ہم اس فیصلے کو تسلیم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عبوری انقلابی حکومت اپنی جدوجہد میں کامیاب ہو چکی ہے اور ہم اس فیصلے کے نتائج کو قبول کرتے ہیں۔ وزیر اعظم بھٹو نے کہا کہ اس قسم کا اہم اعلان اسلام آباد میں سفیروں کے اجتماع میں کیا جانا چاہیے تھا۔ مگر عبوری انقلابی حکومت کی کامیابی فوجی فیصلے کے نتیجہ میں ہوئی ہے اس لیے یہ اعلان پاکستانی فوجی دستوں کے سامنے کر رہا ہوں۔

پاکستان ہاؤس — خواجہ رفیق ... شیر پارٹنگ ... ایک معاہدہ

... بتاریخ ... مقام فریڈم ہال (Bedford & ...) ...

... پاکستان ... معاشرہ ... دلچسپ ... مزید معلومات کے لیے ... نمبروں پر فون کریں۔ داخلہ مفت ہے۔
424-3084, 481-1842

بھارت کی مرضی کے بغیر بحر ہند میں کوئی فوجی اڈہ نہیں بن سکتا

پاکستان نے کشمیر کے ایک حصے پر غیر قانونی طور پر قبضہ کر رکھا ہے، اندرا گاندھی کا الزام

واشنگٹن — (ریڈیو رپورٹ) بھارتی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے پاکستان پر الزام لگایا ہے کہ اس نے کشمیر کے ایک حصے پر غیر قانونی طور پر قبضہ کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں تک کشمیر کا تعلق ہے اس کے عوام بھارت سے اپنے الحاق کو قطعی شکل دے چکے ہیں۔ بحر ہند میں امریکی اڈے کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے مسز اندرا گاندھی نے کہا کہ بھارت بحر ہند کو بڑی طاقتوں کی زور آزمائی کا اکھاڑہ نہیں بننے دے گا کیونکہ بحر ہند بھارت کا سمندر ہے اور بھارت کی مرضی کے بغیر اس علاقے میں کوئی فوجی اڈہ نہیں بن سکتا۔ مسز گاندھی نے ان خیالات کا اظہار ایک انٹرویو کے دوران کیا جو انہوں نے ایک امریکی خبر رساں ایجنسی کو دیا ہے۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں اس الزام کی تردید کی کہ بھارت روس کا طفیلی ہے اور کہا کہ روس بھارت کا دوست ہے اور یہ دوستی دونوں ملکوں کے درمیان برابری کے اصول پر قائم ہے۔ برصغیر پاک و ہند کی صورت حال کا ذکر کرتے ہوئے مسز اندرا گاندھی نے کہا کہ بھارت برصغیر میں امن کا خواہش مند ہے اور اس کا ثبوت بھارت کی خارجہ پالیسی اور شملہ کا معاہدہ ہے جو پاکستان کے وزیر اعظم کے ساتھ طے پایا تھا لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس معاہدے پر دستخط کرنے کے باوجود پاکستان بھارت کے ساتھ مخاصمت آرائی کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور ہمیں معلوم ہے کہ وہ کس کے اشارے پر کر رہا ہے۔

آزاد کشمیر کو پاکستان کا صوبہ بنانے کا منصوبہ بنایا گیا ہے

سیاسی صورت حال میں تبدیلی کا مقصد بھارت کو خوش کرنا ہے: سردار عبدالقیوم

گوجرانوالہ — (نمائندہ خصوصی) آزاد کشمیر کے سابق صدر سردار عبدالقیوم خان نے خبردار کیا ہے کہ اگر کشمیر کی موجودہ سرحدوں میں رد و بدل کرنے کی کوشش کی گئی تو ہم خاموش تماشائی کی حیثیت سے اسے برداشت نہیں کریں گے کیونکہ ایسا کرنا دراصل ایک بڑی طاقت اور بھارت کی خواہش ہے۔ ... کشمیر کا فیصلہ کرنا چاہتے ہیں۔ پاکستان سے الحاق نہیں کرتا ہم خاموش نہیں بیٹھیں گے۔

انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں قائم کردہ پیپلز پارٹی کی نام نہاد شاخ کسی صورت بھی اپنے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہوگی۔ سردار عبدالقیوم خان نے کہا کہ انہیں صدارت کے عہدے سے ہٹانے کے لئے جو سازش کی گئی ہے اس سے آزاد کشمیر کے عوام نہایت ہی فکرمند تھے لیکن انہوں نے عوام کو پر امن رہنے کی تلقین کی کیونکہ وہ نہیں چاہتے کہ خانہ جنگی ہو اور آنے والی نسلیں انہیں اپنے ہی بھائیوں کے خون کا ذمہ دار ٹھہرائیں۔ آپ نے کہا عوام آزاد کشمیر میں فیصلہ کن جدوجہد لانے پر مجبور ہو جائیں گے۔

سردار عبدالقیوم خان نے کہا کہ وہ ملک بھر میں اسلامی نظام کے قیام کے لئے تحریک چلائیں گے۔ آپ نے کہا کہ آزاد کشمیر میں انہوں نے اسلامی قوانین کے نفاذ کا حکم دیا تھا۔ انہوں نے اس بات پر افسوس ظاہر کیا کہ آزاد کشمیر میں دفعہ ۱۴۴ نافذ کر دی گئی ہے حالانکہ ان کے چار سالہ دور میں کبھی دفعہ ۱۴۴ نافذ نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر میں اس وقت سول مارشل لاء نافذ ہے ... دکھائی دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کسی صورت بھی مسئلہ کشمیر کو ختم نہیں ہونے دیں گے۔ آپ نے علماء، وکلاء، طلباء، مشائخ اور کشمیری عوام سے اپیل کی کہ وہ سب کام چھوڑ کر آزاد کشمیر کے آنے والے انتخابات میں دلچسپی لیں۔

انہوں نے الزام عائد کیا کہ مجھے زبردستی صدارت سے الگ کرنے کے لئے آزاد کشمیر میں پولیس ایکشن کیا گیا ہے لیکن میں اور میرے رفقاء نے بے بنیاد اور غیر آئینی اقدام صرف ملکی سالمیت کی خاطر خاموشی سے برداشت کیا ہے۔ وہ آج بار ایسوسی ایشن گوجرانوالہ کے ارکان سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس کی صدارت خان محمد انور خان نے کی۔ سردار عبدالقیوم خان نے کہا کہ آزاد کشمیر میں حیرت انگیز سیاسی تبدیلی دراصل بھارت اور ایک عظیم طاقت کو خوش کرنے کے لئے کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابات منصفانہ طریقے پر ہونے کی کوئی امید نہیں۔ میں نے ہمیشہ مرکزی حکومت میں وزیر اعظم بھٹو سے بھرپور تعاون کیا ہے لیکن اس کے باوجود مجھے صدارت سے الگ کر دیا گیا ہے۔ میرے رفقاء اور گھروں میں نظر بند رکھا گیا اب آزاد کشمیر میں دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ کی وجہ سے حکومت کے جھوٹ کا پول کھل گیا ہے۔ انہوں نے کہا ہم تشدد پر یقین نہیں رکھتے کیونکہ اس طرح ملکی سالمیت خطرے میں پڑ سکتی ہے اور دشمن اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ انہوں نے وکلاء سے اپیل کی کہ وہ حق و صداقت کا ساتھ دیں اور آئندہ ہونے والے انتخابات میں ہماری مدد کریں کیونکہ اگر بے ضمیر لوگوں کے ہاتھوں میں اقتدار چلا گیا تو ملک کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر آزاد کشمیر کو صوبہ بنانے کی کوشش کی گئی تو اس کی مزاحمت کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر پاکستان کا حصہ ہے اور جب تک کشمیر آزاد ہو کر

رہائشی، دیہاتی، کمرشیل، اور فارم وغیرہ کی جائدادوں کی خرید و فروخت اور مارگیج کا بندوبست کرنے میں ہر قسم کی مدد مہیا کی جاتی ہے۔ خدمت کا موقع دیجیے۔
۱۵ سالہ بین الاقوامی اور مقامی ریئل اسٹیٹ کا تجربہ۔ ٹورانٹو کے پہلے پاکستانی بروکر۔

FOR SALE
MUZAFFAR
REAL ESTATE BROKER
226-5454
MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

FOR SALE
MUZAFFAR
REAL ESTATE BROKER
226-5454
MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES



نسیم مظفر — بروکر

N MUZAFFAR
BROKER

... SUITE # 219 WILLOWDALE ...

فلم مستانہ ماہی (پنجابی)
لاکھوں دلوں کے محبوب فنکار پہلی بار پنجابی فلم میں دیکھیے
★ وحید مراد، نغمہ، آسیہ، منور ظریف، ...
۲۳ رمئی بروز جمعہ ۸ بجے شب
۲۴ رمئی بروز ہفتہ ۲ بجے، ۶ بجے اور ۹ بجے شب
۲۵ رمئی بروز اتوار ۲ بجے اور ۶ بجے شام
فلم گھرانہ (رنگین) ... ★ شبنم، ...
۳۰ رمئی، ۳۱ رمئی اور یکم جون کو مندرجہ بالا اوقات میں

at RELAX CINEMA
344 College St. (2 Blocks west of Spadina)
For Information call: 922-0222

کوئلے کی کان میں دھماکے سے انیس (۱۹) افراد جاں بحق اور چودہ (۱۴) زخمی ہوئے

دھماکہ بجلی میں خرابی کے سبب گیس میں آگ لگنے کی وجہ سے ہوا

عدالتی تحقیقات کا حکم دے دیا گیا — متاثرین کو معاوضہ دیا جائے گا

وزیر اعظم بھٹو کا کان کے حادثے پر اظہار افسوس

پورے افغانستان میں بم زنی کی وارداتیں ہو رہی ہیں

سردار داؤد کی آمرانہ حکومت کے خلاف جدو جہد تیز ہو گئی

پاکستان کو آئندہ سال ڈیڑھ ارب ڈالر غیر ملکی امداد کی ضرورت ہوگی

پاکستان قائم نہ رہا تو برصغیر کے مسلمانوں کا حشر بھی سپین کے مسلمانوں سے مختلف نہ ہوگا: یوسف خٹک

پیپلز پارٹی کی صفوں میں رسہ گیر اور غنڈے بھیس بدل کر گھسے ہوئے ہیں

سماشرتی انقلاب کا خواب انہی کی وجہ سے شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکا: حنیف رامے

ہٹلر عظیم انسان اور فاتح تھا — میں اس کی یادگار تعمیر کروں گا: صدر عیدی امین

انٹاریو میں گھر خریدنے والوں کو پندرہ سو (۱۵۰۰) ڈالر کی امداد

اسے کون حاصل کرے گا؟ کیسے؟ کب؟ کیوں؟

حکومت انٹاریو سمجھتی ہے کہ آپ کے لیئے خود اپنا ایک گھر ہونا کتنی اہمیت رکھتا ہے۔ اور ہم اسی لیئے آپ کو اپنا پہلا گھر خریدنے میں پندرہ سو (۱۵۰۰) ڈالر کی امداد دینا چاہتے ہیں۔ یہ انٹاریو میں زیادہ سے زیادہ گھر مہیا کرنے کے ہمہ گیر منصوبے کا ایک حصہ ہے اور ہماری معیشت کو مضبوط بناتا ہے۔ چنانچہ یہ ہم سب کے لیے بہتر ہے۔

اپنے سوالات کے جواب حاصل کرنے کے لیئے محکمہ یعنی (MINISTRY OF REVENUE, QUEEN'S PARK, TORONTO) کو فون کیجیے۔ "0" ڈائیل کرکے آپریٹر سے ZENITH 8-2000 کی لائن مانگیے جس کا کوئی خرچ نہیں ہوگا۔ میٹرو ٹورانٹو کے مقامی ٹیلی فون کے حدود میں رہنے والے 965-8470 پر ربط قائم کریں۔

Ontario

W. Darcy McKeough
Treasurer of Ontario

William Davis
Premier

Arthur Meen
Minister of Revenue

MATCHLESS TRAVEL SERVICE

WORLDWIDE TRAVEL & TOURIST SERVICE

TORONTO - KARACHI
Return $688
TORONTO - DELHI or
TORONTO - BOMBAY
Return $697
14 120 day excursion

645A BLOOR STREET W
TORONTO-ONT
534-1139

SOLD

SULTAN QURESHI
2 MILLION DOLLAR
ACHIEVEMENT AWARD

H. Keith Limited · Realtor
5302 Dundas St. W., Islington, Ontario
Office: 239-3581 Res: 676-9377

Complete Real Estate Service Throughout Ontario

صوبہ سرحد میں گورنر راج ختم کر دیا گیا

بیرونی خطرات کو جمہوریت کی راہ میں حائل نہیں ہونے دیا جائے گا: عنایت اللہ گنڈاپور سمیت چار پرانے وزیر نئی کابینہ میں شامل ہیں

میں ایک ہفتے تک اپنی کابینہ کے ارکان کا اعلان کر دوں گا: نصر اللہ خٹک

وزراء کے محکموں کا اعلان بھی کر دیا گیا

پشاور — (اے پی پی) وفاقی حکومت نے صوبہ سرحد میں گورنر راج ختم کر دیا ہے اور وہاں کے جمہوری ادارے بحال کر دیئے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی مسٹر نصر اللہ خٹک نے آج شام دربار ہال میں صوبے کے نئے وزیر اعلیٰ کی حیثیت سے حلف اٹھایا۔ …

پشاور — (اے پی پی) مسٹر نصر اللہ خان خٹک وزیر اعلیٰ سرحد نے اپنی چار رکنی کابینہ کا اعلان کر دیا ہے جس کا بیشتر چار سابق وزراء بھی شامل کئے گئے ہیں اور اس نے آج تمام حلف اٹھایا۔ …

وفاقی حکومت کے اعلان میں کہا گیا ہے کہ …

لیبیا اور مصر میں کشیدگی بڑھ گئی

جام نگر میں مسلمانوں کی املاک نذر آتش کر دی گئیں

شہر میں کرفیو لگا دیا گیا، مسلمانوں کو بھی دھڑا دھڑ گرفتار کیا جا رہا ہے

نئی دہلی — (ریڈیو رپورٹ) بھارت کے صوبہ گجرات کے شہر جام نگر کے قریب گزشتہ … چار مسلمان شہید اور متعدد زخمی کر دیئے گئے۔ پولیس نے متعدد افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ …

پاکستان سے اثاثوں کی تقسیم کا مطالبہ کیا جائے

بنگلہ دیش سے بھارتی حکومت کا مطالبہ

…بھارتی حکومت نے بنگلہ دیش سے کہا ہے کہ وہ پاکستان سے اثاثوں کی تقسیم کا مطالبہ شدومد سے شروع کرے۔ …

دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ سے سیاسی عمل معطل کر دیا گیا ہے

حکمرانوں نے بلاوجہ گرانی کا چکر چلایا ہوا ہے: مفتی محمود

رحیم یار خان — (نمائندہ خصوصی) قومی اسمبلی میں حزب اختلاف کے قائد متحدہ جمہوری محاذ کے لیڈر مولانا مفتی محمود نے کہا ہے کہ ملک میں کالے قوانین کے نفاذ سے پورے ملک کو قبرستان بنا دیا گیا ہے۔ ٹاؤن ہال میں ایک جلسے سے خطاب کرتے انہوں نے کہا کہ دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ اور ڈیفنس رولز کے اندھا دھند استعمال سے سیاسی عمل معطل کر دیا گیا ہے۔ سیاسی کارکنوں کے خلاف بے بنیاد اور غلط مقدمات قائم کر کے انہیں تشدد کا نشانہ بنانا حکمران (سیاسی) کارندوں کا معمول بن چکا ہے۔ اخبارات اور ذرائع ابلاغ پر حکومت کا کنٹرول ہے۔ …

بلوچستان میں سیلاب سے ۴۵ ہزار افراد متاثر ہوئے

کوئٹہ — (اے پی پی) حکومت بلوچستان کے ایک ترجمان نے بتایا ہے کہ حال ہی میں ضلع کچھی میں شدید بارشوں کے بعد جو سیلاب آیا تھا اس کے نتیجے میں ۴۵ ہزار افراد متاثر ہوئے ہیں جبکہ صرف لورالائی میں تیس کچے مکانات منہدم ہو گئے اور بجلی گرنے سے … مویشی ہلاک ہو گئے۔ … ترجمان نے مزید بتایا کہ … سیلاب سے شدید نقصان پہنچا ہے۔ اور امدادی کام شروع کر دیا گیا ہے۔

اجمل خٹک کو واپس بلا کر کھلی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے

سندھو دیش تحریک کی سرپرستی کی جا رہی ہے: پروفیسر غفور احمد

حیدر آباد — متحدہ جمہوری محاذ کے سیکرٹری جنرل پروفیسر غفور احمد نے کہا ہے کہ افغانستان کو پاکستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت کی اجازت نہیں دی جائے گی اور نہ ہی اسے اس امر کی اجازت دی جائے گی کہ وہ پاکستان کے کسی علاقے پر اپنا دعویٰ کرے۔ انہوں نے کہا پاکستان کے عوام افغانستان کی اس مداخلت کو کسی صورت برداشت نہیں کر سکتے۔ … انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ اجمل خٹک کو واپس بلائے اور اس پر کھلی عدالت میں مقدمہ چلائے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ سندھ میں حکومت سندھو دیش تحریک کی سرپرستی کر رہی ہے۔ …

پاکستان اپنے دفاع کے لئے ہتھیار حاصل کرنا چاہتا ہے

وزیر اعظم کی طرف سے اندرا گاندھی کے مکتوب کا جواب

خط و کتابت سے باہمی تعلقات معمول پر آنے کی راہ ہموار ہو جائے گی: سیاسی حلقے

اسلام آباد — (اے پی پی) وزیر اعظم پاکستان مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے مسز اندرا گاندھی پر زور دیا ہے کہ کشمیر کا تنازعہ شملہ معاہدے کے اصولوں کی روشنی میں اور اس معاہدے کے دائرہ کار میں رہ کر طے کیا جانا چاہئے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا ہے کہ بھارتی ذرائع ابلاغ سے پاکستان کے خلاف جارحانہ اور معاندانہ پروپیگنڈہ بند کیا جائے۔ وزیر اعظم پاکستان نے یہ تجاویز مسز گاندھی کے مکتوب کے جواب میں پیش کی ہیں۔ وزیر اعظم کا جوابی مراسلہ ۲۵ اپریل کو بھیجا گیا ہے۔ اس جوابی مراسلے میں وزیر اعظم بھٹو نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ امریکہ کی جانب سے پاکستان کو اسلحہ کی سپلائی پر پابندی اٹھائے جانے پر بھارت کا واویلا قطعی بے جواز ہے اور یہ کہ پاکستان بھارت کی سلامتی کے لئے کوئی خطرہ پیدا نہیں کرنا چاہتا البتہ پاکستان کے لئے یہ بالکل قدرتی بات ہے کہ وہ اپنے عوام کو سلامتی اور تحفظ کا احساس دلانے کے لئے اقدامات کرے۔

اتر پردیش کے شہر شیر پور میں ایک سو اچھوتوں کو ہلاک کر دیا گیا

وزیر اعلیٰ نے اچھوتوں کے قتل عام کا اعتراف کر لیا

نئی دہلی — ریڈیو رپورٹ اطلاعات کے مطابق اتر پردیش کے شہر شیر پور میں تقریباً ایک سو اچھوتوں کو زندہ جلا دیا گیا ہے۔ ان میں سے … لاشیں مل چکی ہیں۔ اس علاقے میں اچھوتوں کے خلاف زبردست نفرت پائی جاتی ہے اور اونچی ذات کے ہندو ان کا وجود بھی برداشت نہیں کر رہے۔ … ہریجنوں اور سرکشوں میں تصادم ہوا جس کے نتیجے میں کم از کم ایک سو ہریجن ہلاک ہو گئے۔ … ۲۲ لاشیں مل چکی ہیں جبکہ انہوں نے اس خبر کا انکار کیا …



وطن عزیز جاتے ہوئے اپنے عزیزوں، رشتہ داروں کے لئے تحفہ کے طور پر ایک اچھا تحفہ اعلیٰ ذوق اور دانشمندی کی دلیل ہے۔

مشہور کمپنیوں کے ہوئے ۲۲۰ وولٹ کے ریفریجریٹر، ٹی وی، ریڈیو …

خوابوں کی تعبیر حاصل کرنے کا مرکز

AAlice International

Unique Trade & Commerce

P. O. BOX 365 STATION "J"
TORONTO M4J 4Y8
ONTARIO CANADA
Phone: (416)459-0820

پندرہ روزہ
کریسنٹ
ٹورنٹو کینیڈا

اَلَاۤ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ
سن رکھو جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہو گا نہ غم ہو گا (القرآن)

کاش ہمارے بھارت پسند حلقے "کالی دیوی" کے اس تصویر پر غور کرتے۔

جمعیت قوم ہم ملک و نسب کے پابند نہیں

نور بصیرت
سید عبدالرشید

سچا انقلاب

حضورؐ کی نگاہ فیض اثر سے نئے انسان تخلیق ہوئے۔ نئے زمانے وجود میں آئے نئے امکانات کے دروازے کھلے۔ بظاہر انسان وہی تھے، مگر ان کے عقائد، عزائم خیالات، محسوسات، مقاصد اور طور طریقے سب بدل گئے۔ آپ نے ایک لاکھ چوبیس یا چالیس ہزار ایسے قدسی انسان پیدا کیے جن میں سے ہر ایک ولی اللہ اور نمونہ تھا۔ مزدور سے گورنر اور سپاہی سے سپہ سالار تک۔

حضورؐ سے قبل تشریف لانے والے عام نبیوں خاص پیغمبروں کی زندگیوں پر نظر ڈالیے انہوں نے اپنے کتنے ساتھی بنائے۔ اور ان کے ساتھیوں نے کہاں تک ان کا ساتھ دیا۔ پھر حضورؐ کے صحابہ کرام پر نظر ڈالیے۔ ان کی تعداد دیکھیے۔ ان کی جانثاری دیکھیے۔ ان کا ایثار دیکھیے۔ ان کا نامساعد حالات کے پہاڑوں سے ٹکرانا دیکھیے۔ ان کا مصائب کے سمندروں کو چیر جانا دیکھیے۔ یہ کہیں شان ہے ساتھیوں کی! کوئی صدیق اکبرؓ بنا، تو کوئی فاروق اعظمؓ کوئی عثمان غنیؓ ہوا، کوئی علی مرتضیٰؓ کسی نے سیف اللہ کا لقب پایا اور فن حرب کا بہترین ماہر بنا۔ کوئی بہترین منتظم بنا۔ کوئی بہترین سیاست دان۔ کوئی بہترین سفیر۔ کوئی بہترین فقیر۔ مگر ایسا فقیر جس سے دریاؤں کے دل دہل جائیں۔ سیزر بڑا فاتح سمجھا جاتا ہے۔ کہ اس نے مصر فتح کیا تھا۔ سکندر "اعظم" ہے، کہ اس نے ایران کو شکست دی تھی۔ ہمارے حضورؐ کے غلاموں نے ایران و روم و مصر کو اپنے پاؤں کے روند ڈالا۔ فتوحات کا ایک سیل رواں تھا، جس نے جدھر رخ کیا، کوئی اسے روک نہ سکا۔ کس کی شخصیت نے پاکیزہ توانائی کے اس بے پناہ سمندر کا دروازہ کھولا تھا۔ پہلے بھی تو یہی عرب تھا۔ اس وقت وہ کیوں فاتح نہ بن گئے۔ ان کی فتوحات سے زیادہ حیران کن چیز فتح و کامیابی اور حکومت و حاکمیت میں ان کا طرز عمل تھا، نہ غرور تھا، نہ تکبر۔ نہ ظلم

(ادارہ)

کینیڈا میں نسلی تعصب

ٹورانٹو اور نیو یارک...

...

نسلی تعصب کے چند واقعات

کینیڈا کے دوسرے بڑے شہروں میں عرصے سے ہو رہے ہیں مگر انہیں یہ کہہ کر نظر انداز کیا جاتا رہا ہے اس کے ذمہ دار صرف چند متعصب افراد ہیں۔ فکر کی ضرورت نہیں ہے۔ مگر اس وقت جبکہ کینیڈا کی امیگریشن پالیسی پر بحث و مباحثہ ہو رہے ہیں ان واقعات نے شدت اختیار کر لی ہے۔ اخبارات اور دوسرے نشری ادارے ان واقعات پر رنگ چڑھا کر عوام میں زہر پھیلا رہے ہیں۔ کیا یہ صرف اس لیے نہیں کہ عوام میں نسلی تعصب کے جذبات بھڑکا کر یہی چند افراد اور حکومت امیگریشن میں ایسی تبدیلیاں لانا چاہتے ہیں جو نسلی تعصب اور تفریق پر مبنی ہوں؟

پاکستانیوں کے لیے یہ واقعات اور بھی اذیت ناک ہیں کہ ان میں وطن پاک کا نام سرفہرست آتا ہے۔ بات گوردواروں کی ہو یا بھارتی سینما گھروں کی، اخباروں کی سرخیاں پاکستانیوں کے خلاف زہر اگلنا شروع کر دیتی ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق ٹورانٹو میں پاکستانیوں کی کل تعداد تقریباً چھ ہزار ہے جبکہ صرف بھارت کے تقریباً چالیس ہزار افراد یہاں بستے ہیں۔ ویسٹ انڈیز سے آئے ہوئے ہندوستانی نژاد بھی یہاں کافی تعداد میں ہیں اور یوگنڈا سے آنے والے ایشیائی باشندوں کی تعداد بھی پاکستانیوں سے کم نہیں۔ مگر ان تمام میں سے اگر کوئی ایک بھی غیر قانونی یا غیر مہذب حرکت کرے تو نام پاکستان کا بدنام ہوتا ہے۔

...

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

جلد نمبر ۔ شمارہ نمبر

پندرہ روزہ
کریسنٹ
ٹورانٹو کینیڈا

۱۶ مارچ ۱۹۷۶ء

پاکستان کو امسال ڈیڑھ ارب ڈالر کی غیر ملکی امداد ملے گی

امدادی کنسورشیم کے اجلاس میں پاکستان کی اقتصادی ترقی پر اطمینان کا اظہار

عالمی مالیاتی فنڈ اور پاکستان کے امدادی کنسورشیم کا اجلاس ختم ہو گیا

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے لئے ملک بھر میں مکانات کی تعمیر کا منصوبہ

پاکستان انویسٹمنٹ کارپوریشن اور نیشنل کنسٹرکشن کمپنی میں معاہدہ ہو گیا

زلزلہ زدگان لانگ مارچ کریں گے

ریٹائرڈ جنرل جیلانی کی بیٹی کی شادی امریکی نو مسلم سے ہو گی

علامہ عقیل ترابی کی تقریر

میرا بلوچستان کا دورہ بہت کامیاب رہا ہے: وزیر اعظم بھٹو

میں امید افزا اور موافق تاثرات لے کر جا رہا ہوں

کردوں کی بغاوت میں ۳۴۹۵ عراقی ہلاک ہوئے

کینیڈین ڈیلیگیشن کے سربراہ جناب رابرٹ دسٹین میری اوران کے ساتھی راولپنڈی میں وزیر اعظم بھٹو کے ساتھ

پاک بھارت تجارتی مذاکرات

ایک اور دور اسلام آباد میں ہو گا

"کریسنٹ" درجہ اول کی ڈاک سے

۱۶ مارچ کے شمارے میں ہمارے استفسار کے جواب میں ہمارے چند قارئین نے اخبار کو درجہ اول کی ڈاک سے بھجوانے کا مشورہ دیا ہے تاکہ اخبار کے دیر سے پہنچنے کی شکایت کا ازالہ ہو سکے۔ جو قارئین اپنی کاپی درجہ اول کی ڈاک سے منگوانے کے خواہش مند ہیں وہ چندے کی شرح کا اضافہ یہاں دیئے ہوئے (اس کوپن) سے نوٹ فرمالیں۔ شکریہ (ادارہ)

بھارتیوں کی کارروائی پر احتجاج کرنے والے بھارتی جنرل کی تنزلی

SUBSCRIPTION RATES:

☐ FOR ONE YEAR $6.00
☐ (1ST CLASS MAIL) $8.00
☐ FOR TWO YEARS $10.00
☐ (1ST CLASS MAIL) $14.00
☐ FOR SIX MONTHS $4.00
☐ (1ST CLASS MAIL) $5.00

The Crescent

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
M2H 2P6
Canada

TELEPHONE. (416) [illegible]

NAME.

ADDRESS.

POSTAL CODE:

TELEPHONE.

U.S. cheques [illegible]

پاکستان کے زرمبادلہ کے محفوظ ذخائر میں ایک ارب ۶۶ کروڑ روپے کا اضافہ

محفوظ ذخائر کی کل مالیت ۴ ارب ۱۵ روپے تک پہنچ گئی

عالمی فنڈ نے تیل کی خرید کے لئے ایک ارب بیس کروڑ روپے دیئے ہیں

پاک روس تجارت

درآمدی لائسنسوں کی میعاد میں توسیع